ADAMJEE LIFE ASSURANCE COMPANY LIMITED

آدم جی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ

Accidental Death & Disability Rider (Agency)

حادثاتی موت اور معذوری کے لیے ضمنی معاہدہ

(Additional Benefit due to Accidental Death and Disability)

(حادثاتی موت اورمعذوری کے باعث ملنے والے اضافی فوائد)

This Rider shall be deemed to be incorporated into the Life Insurance Policy to which it is attached (“the Basic Policy) and shall only be valid if it is indicated on the Policy Schedule. If included, the provisions of the Basic Policy, other than those relating to Unit Account, Monthly Deductions, Fund Charges, Death Benefits, Maturity Benefits, Ad-Hoc Premiums, Non-maintenance of Premiums, Grace Period, Escalation of Premium, Surrender, Partial Withdrawals, Policy Loan and Fund Practice, shall also refer to this Rider.

In consideration of the regular payment of the premium applicable to this Rider as stated in the Policy Schedule of the Basic Policy, the Company undertakes to provide the benefits mentioned herein, provided that you shall fulfil your own obligations as set out there under.

This Rider shall not acquire any Cash Surrender Value at any time.

اس ضمنی معاہدے کو لائف انشورنس پالیسی جوکہ ("بنیادی پالیسی") سے منسلک ہے میں شامل سمجھا جائے گا اور اس کا اطلاق اسی صورت میں ہوگا اگر اس کی نشاندہی پالیسی شیڈول میں کی گئی ہوگی۔ اگر یہ شامل کیاگیا ہوگا تو، بنیادی پالیسی کے دفعات کو، ضمنی معاہدے میں شامل کیا جائے گا، ما سوائے یونٹ اکاؤنٹ ،ماہانہ کٹوتیوں ، فنڈ چارجز، انتقال کی صورت میں فوائد، میچورٹی فوائد، ایڈ ہاک پریمیم، پریمیم کی عدم ادائیگی، رعایتی مدت، پریمیم میں اضافہ، جزوی اور مکمل دستبرداری، قرض کی پالیسی اور فنڈپریکٹس کے۔

پالیسی شیڈول میں بیان کردہ ضمنی فوائد پر لاگو ہونے والے باقاعدہ پریمیم کے نتیجے میں، کمپنی بیان کردہ فوائد کی فراہمی پر متفق ہے، بشرط یہ کہ آپ اپنی ذمہ داریوں کو اس ضمنی معاہدے کے تحت پورا کریں۔

اس ضمنی فوائد سے کسی بھی وقت کسی بھی قسم کا کیش سرینڈر ویلیو یا جزوی اور مکمل دستبرداری حاصل نہیں ہو سکے گا۔

1. Accidental Death Benefit

If, while the Basic Policy and this Rider are in force, the Insured person sustains bodily injuries caused solely by violent, external and purely accidental means, and there is evidence of a visible contusion or wound on the exterior of the body except in the case of drowning or of an internal injury revealed by an autopsy, and that within 90 days after such injuries are sustained, suffers the loss of life as a direct result of the same injury and not as an indirect result of any fit, physical default, illness or disorder, and independently of all other causes, upon receipt of due proof in writing of the accidental death of the Insured, the Company will, subject to the provisions hereinafter stated, pay to the person or persons entitled thereto under the Policy Provisions, the Accidental Death & Disability Insurance Rider Sum Assured stated in the Policy Schedule of the Basic Policy to which this Rider is attached.

.1 حادثاتی موت کی صورت میں حاصل فوائد

اگربنیادی پالیسی اور ضمنی فوائد کا معاہدہ قابل اطلاق ہونے پر، بیمہ دار کسی پر تشدد، بیرونی اور مکمل طور پر حادثاتی وجوہات سے جسمانی چوٹوں کا شکار ہوتا ہے، ما سوائے ڈوبنے یا پوسٹ مارٹم کے نتیجے میں اندرونی زخم واضح ہونے کے، جسم پر ظاہری زخم یا اندورنی طور پر لگنے والی چوٹ کے ثبوت موجود ہونے پر، اگر نوے دن کے اندر اندر اس قسم کی چوٹیں برداشت کرنے کے بعد موت کا سامنا کرتا ہے اور یہ کسی دورے، جسمانی عیب، بیماری یا عارضہ کے بالواسطہ نتیجے کے طور پر نہیں ہے اور تمام دیگر اسباب سے آزادانہ نقصان کا شکار ہوتا ہے ، تو بیمہ دار کی حادثاتی موت کے تحریری ثبوت ملنے پر، کمپنی بیان کردہ معاہدے سے مشروط، پالیسی دفعات کے تحت اس شخص یا حقدار کو ادائیگی کرئے گا، حادثاتی موت اور معذوری کے ضمنی فوائد کا زر بیمہ پالیسی شیڈول میں بیان کیا گیا ہے جس کے ساتھ ضمنی فوائد منسلک کئے جاتے ہیں۔

2. Total and Permanent Disability Benefit

If, while the Policy and this Rider are in force, the Insured person, after a waiting period of 90 days, sustains total and permanent disability (as described below), upon receipt of due proof in writing of such disability of the Insured, the Company will, subject to the provisions hereinafter stated, pay to the person or persons entitled thereto under the Policy Provisions, the Accidental Death & Disability Insurance Rider Sum Assured stated in the Policy Schedule of the Basic Policy to which this Rider is attached.

A life shall be regarded as being totally and permanently disabled under a “3 ADL Failure” definition of disability, only if that life, due to accident, has been rendered disabled to such an extent that there are at least 3 of the 6 activities of daily living (see below) which that life is unable to perform without the continuous assistance of another person.

In order for a benefit to be payable, such disability must have persisted continuously for a period of at least 180 days and must, in the opinion of a suitable medical practitioner, appointed by the company, be deemed permanent.

The activities of daily living are:

- Washing: the ability to wash in the bath or shower (including getting into and out of the bath or shower) or wash satisfactorily by other means,
- Dressing: the ability to put on, take off, secure and unfasten all garments and, as appropriate, any braces, artificial limbs or other surgical appliances,
- Transferring: the ability to move from a bed to an upright chair or wheelchair and vice versa,
- Mobility: the ability to move indoors from room to room on level surfaces,
- Continence: the ability to control bowel and bladder function so as to maintain a satisfactory level of personal hygiene,
- Feeding: the ability to feed oneself once food has been prepared and made available.

.2 مکمل اور مستقل معذوری کی صورت میں حاصل فوائد

اگر بنیادی پالیسی اور ضمنی فوائد کا معاہدہ قابل اطلاق ہوتا ہے اور بیمہ دار نوے (90) دن کی انتظاری مدت پوری ہونے کے بعد، اگر مکمل اور مستقل طور پر معذور رہتا ہے (جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے)، تو بیمہ دار کی اس طرح کی معذوری کے تحریری طور پر ثبوت ملنے پر، کمپنی بیان کردہ معاہدے سے مشروط، پالیسی دفعات کے تحت اس شخص یا حقدار کو ادائیگی کرے گا، حادثاتی موت اورمعذوری کے ضمنی فوائد کا زر بیمہ پالیسی شیڈول میں بیان کیا گیا ہے جس کے ساتھ ضمنی فوائد منسلک کئے جائے ہیں۔

بیمہ دار کی معذوری کو "روز مرہ کی 3 سرگرمیوں کو انجام دینے سے قاصر ہونے(3 ADL Failure) " کی صورت میں مکمل اور مستقل معذور سمجھا جائے گا، صرف اس صورت میں جب بیمہ دار حادثے کے باعث، اس حد تک معذور ہوگیا ہو کہ وہ روز مرہ زندگی کی 6 سرگرمیوں میں سے کم از کم 3 سرگرمیاں (جو کہ نیچے ملاحظہ ہیں) کسی دوسرے شخص کی مسلسل مدد کے بغیر انجام دینے سے قاصر ہو۔

اس ضمنی فائدے کی ادائیگی کے لیے ضروری ہے کہ اس طرح کی معذوری کمپنی کی جانب سے مقرر کئے جانے والے میڈیکل پریکٹیشنر کی رائے میں لازمی طور پر مستقل ہو اور کم از کم 180 روز کی مدت کے لیے بر قرار رہنی چاہیے۔

روزمرہ کی بنیادی سرگرمیاں یہ ہیں۔

- نہانا/دھونا: غسل خانے میں نہانے یا شاور لینے کی صلاحیت(بشمول غسل خانے میں یا شاور میں داخل ہونا اور باہر آنا) یا دوسرے طریقوں سے اطمینان کے ساتھ پانی کا استعمال کرنا
- لباس تن : تمام لباس پہنے، اتارنے، محفوظ اور کھولنے کی صلاحیت رکھنا اور جیسا مناسب ہو، کوئی بھی بریسز، مصنوعی اعضاء یا دیگرسرجیکل کے آلات کو اتارنا
- منتقلی: اپنے بستر سے سیدھے کرسی یا وہیل چیئر تک جانے کی صلاحیت اور اسی طرح دوبارہ وہیل چیئر سے بستر تک جانے کی صلاحیت رکھنا
- نقل و حرکت: ہموار زمین پر گھر میں ایک کمرے سے دوسرے کمرے تک جانے کی صلاحیت رکھنا
- فضلہ روکنے کی صلاحیت: آنتوں اور مثانے کے استعمال کو کنڑول کرنے کی صلاحیت رکھنا تاکہ ذاتی حفظان صحت کی تسلی بخش سطح کو برقرار رکھا جا سکے
- کھانا کھانا: تیار اور دستیاب کھانے کو خود کھانے کی صلاحیت رکھنا

3. Permanent Total/Partial Disablement Benefit

If, while the Policy and this Rider are in force, the Insured person, sustains permanent total or partial disablement (as described in the table below), caused solely by violent external and accidental means and within 180 days of the accident, upon receipt of due proof in writing of such disablement of the Insured, the Company will, subject to the provisions hereinafter stated, pay to the person or persons entitled thereto under the Policy Provisions, the Benefit Percentage of the Accidental Death & Disability Insurance Rider Sum Assured stated in the Policy Schedule of the Basic Policy to which this Rider is attached.

3. مستقل مکمل/ جزوی معذوری پر حاصل فوائد

اگر بنیادی پالیسی اور ضمنی فوائد کا معاہدہ قابل اطلاق ہو اور بیمہ دار کسی پر تشدد، بیرونی اور مکمل طور پر حادثاتی عوامل سے زخمی ہونے کے نتیجے میں مستقل طور پر یا جزوی طور پر معذور ہوجاتا ہے تو حادثہ پیش آنے کے180 دن کے اندر (جیسا کہ درج ذیل ٹیبل میں بیان کیا گیا ہے) اور حادثے کے نتیجے میں بیمہ دار کی اس طرح کی معذوری کے تحریری طور پر ثبوت ملنے پر، کمپنی بیان کردہ معاہدے سے مشروط، پالیسی دفعات کے تحت اس شخص یا حقدار کو حادثاتی موت اور معذوری کے ضمنی فوائد کا زر بیمہ کے فوائد/ شریک بیمہ پالیسی شیڈول میں بیان کیا گیا ہے جس کے ساتھ یہ ضمنی فوائد منسلک کئے جاتے ہیں۔

		Description of Injuries	زخموں کی تفصیلات	Benefit Percentage فوائد کی شرح (٪)
Accidental Total Permanent Disability Benefit حادثاتی مستقل اور مکمل معذوری پر حاصل فوائد		Loss of both hands or amputation at higher sites	دونوں ہاتھوں کا معذور ہو جانا یا ان کا جسم سے الگ ہو جانا	100
		Loss of hand and a foot	ایک ہاتھ اور ایک پیر کا معذور ہونا	100
		Double amputation through leg or thigh amputation through leg or thigh on one side and loss of other foot	دونوں ٹانگوں یا ران کی جگہ سے ایک ٹانگ کا جسم سے الگ ہوجانا یا ایک طرف ران سے اور دوسری طرف پیر کا ضائع ہو جانا	100
		Loss of sight to such an extent as to render the claimant unable to perform any work for which eye-sight is essential	آنکھ کی بینائی کا اس حد تک چلے جانا کہ جن کاموں کے لیے بینائی کی ضرورت ہو ان سے معذوری ہو جانا	100
		Very severe facial disfigurement	چہرے کے خدو خال کا شدید مسخ ہو جانا	100
		Absolute deafness	سماعت کی مکمل معذوری / بہرہ پن	100
		Permanent and Total irrecoverable loss of speech due to trauma	حادثے کے نتیجے میں قوت گویائی کا مکمل اور مستقل ختم ہوجانا	100
		Loss of one arm and one leg	ایک بازو اور ایک ٹانگ سے محرومی	100

Permanent Partial Disability Amputation Cases Upper Limb مکمل جزوی معذوری اوپری اعضاء کے کٹ جانے کا معاملات		Amputation through shoulder joint	کاندھے کا جوڑ سے کٹ جانا	90
		Amputation below shoulder with stump less than 8" from tip of acromion	کہنی کی نوک سے آٹھ انچ سے کم اسٹمپ کے ساتھ کاندھے کا نیچے سے کٹ جانا	80
		Amputation from 8" from tip of acromion to less than 4 1/2" below tip of olecranon	کہنی کی نوک سے آٹھ انچ تک ساڑھے چار انچ سے کم بازو کا کٹنا	70
		Loss of hand or of the thumb and four fingers of one hand or amputation from 4 1/2" below tip of olecranon	ایک ہاتھ کی چار انگلیوں اور ہاتھ کا ضایع یا انگوٹھے کا ضایع یا بازو کا کہنی سے 4 1/2 اوپر کٹ جانا	60
		Loss of thumb	انگوٹھے کا ضایع ہونا	30
		Loss of thumb and its metacarpal bone	انگوٹھے اور انگوٹھے سے منسلک ہڈی کا ضایع ہونا	40
		Loss of four fingers of one hand	ایک ہاتھ کی چار انگلیوں کا ضایع ہونا	50
		Loss of three fingers of one hand	ایک ہاتھ کی تین انگلیوں کا ضایع ہونا	30
		Loss of two fingers of one hand	ایک ہاتھ کی دو انگلیوں کا ضایع ہونا	20
		Loss of terminal phalanx of thumb	انگوٹھے کی آخری ہڈی کا ضایع ہونا	20

Permanent Partial Disability Amputation Cases Lower Limb مکمل جزوی معذوری نچلے اعضاء کے کٹ جانے کا معاملات		Amputation of both feet resulting in end bearing stump	دونوں پیروں کا کٹ کر الگ ہو جانا	90
		Amputation through both feet proximal to the metatarso phalangeal	دونوں پیروں کا میٹاٹا رسو- فالانجیل کے قریب سے کٹ کر الگ ہوجانا	80
		Loss of all toes of both feet through the metatarso phalangeal joint	میٹاٹارسو- فالانجیل جوڑ کے قریب سے دونوں پیروں کے پنجوں کا ضایع ہو جانا	40
		Loss of all toes of both feet proximal to the proximal interphalangeal joint	انٹر فالانجیل جوڑ کے قریب سے دونوں پیروں کے مکمل پنجوں سے ضایع ہو جانا	30
		Loss of all toes of both feet distal to the proximal interphalangeal joint	انٹر فالانجیل جوڑ کے قریب سے دونوں پیروں کے آخری کے پورے پنجے سے ضایع ہو جانا	20
		Amputation at hip	کولہے کے مقام سے ٹانگ کا کٹ جانا	90
		Amputation at hip with stump not exceeding 5" in length measure from tip of greater trochanta	کولہے کے مقام سے ران کا اسطرح کٹنا کہ لمبائی کولہے کی ہڈی کی نوک سے 5 انچ سے زائد نہ ہو۔	80
		Amputation below hip with stump not exceeding 5" in length mea -sured from tip of greater trochanta but not beyond middle thigh	کولہے سے نیچے اس طرح ٹانگ کا کٹنا کہ کولہے کی ہڈی کی نوک سے 5 انچ لمبائی زیادہ نہ ہو نیز ران کے وسط تک نہ پہنچے۔	70
		Amputation below middle thigh 3 1/2" below knee	وسطی ران کا گھٹنے سے ساڑھے تین انچ نیچے سے کٹ کر الگ ہو جانا	60
		Amputation below knee with stump exceeding 3 1/2" but not exceeding 5"	ٹخنے کے نیچے گھٹنے سے پنجے تک کا حصہ کٹ کر الگ ہوجانا جو ساڑھے تین انچ سے زائد مگر پانچ انچ سے اوپر نہ ہو	50
		Amputation below knee with stump exceeding 5"	ٹخنے کے نیچے گھٹنے کا پانچ انچ سے زائد کٹ کر الگ ہو جانا	40
		Amputation of one foot resulting in endearing	ایک پیر کے کٹ کر الگ ہو جانے کے نتیجے میں اینڈ ئیرنگ	30
		Amputation through one foot proximal to the matatarso -phalangeal joint	میٹاٹارسو- فالانجیل جوڑ کے قریب سے ایک پیر سے کٹ کر معذور ہو جانا	30
		Loss of all toes of one foot through the matatarso-phalangeal joint	میٹاٹارسو- فالانجیل جوڑ کے ذریعے ایک پیر کے پورے پنجے کا ضیاع ہوجانا	20

		Description of Injuries زخموں کی تفصیلات	Benefit Percentage فوائد کی شرح (٪)
Permanent Partial Disability مستقل جزوی معذوری و دیگر جسمانی آذار Other Injuries		Loss of one eye without complication, the other being normal کسی پیچیدگی کے بغیر ایک آنکھ کا ضیاع ہونا جبکہ دوسری نارمل ہو	40
		Loss of vision of one eye without complication or disfigurement of eyeball, the other being normal آنکھ کے ڈھیلے کے بغیر پیچیدگی یا بدوضع ہوئے بغیر آنکھ کا ضایع ہونا جبکہ دوسری صحیح سلامت ہو۔	30
Permanent Partial Disability Fingers of right or left hand مستقل جزوی معذوری دائیں یا بائیں ہاتھ کی انگلیاں	Index finger انگشت شہادت	Whole مکمل	14
		Two Phalanxes دو حصے	11
		One Phalanx ایک حصہ	9
		Guillotine amputation of tip without loss of bone ہڈی کے نقصان کے بغیر کونے تک گلوٹین سے معذور یا ضیاع ہو جانا	5
	Middle Finger درمیانی انگلی	Whole مکمل	12
		Two Phalanxes دو حصے	9
		One Phalanx ایک حصہ	7
		Guillotine amputation of tip without loss of bone ہڈی کے نقصان کے بغیر کونے تک گلوٹین سے معذور یا ضیاع ہو جانا	4
	Ring or Little Finger چھوٹی انگلی	Whole مکمل	7
		Two Phalanxes دو حصے	6
		One Phalanx ایک حصہ	5
		Guillotine amputation of tip without loss of bone ہڈی کے نقصان کے بغیر کونے تک گلوٹین سے معذور یا ضیاع ہو جانا	2
Permanent Partial Disability مستقل جزوی معذوری One Toe of left or right foot دائیں یا بائیں انگلی یا پاؤں	Great Toe انگوٹھا	Through metatarso-phalangeal joint میٹاٹارسو۔ فالانجیل جوڑ کے ذریعے	14
		Part, with some loss of bone جزوی معذوری بشمول ہڈی کا کچھ حصہ	3
	Any other Toes باقی کوئی بھی انگلی	Through metatarso-phalangeal joint میٹاٹارسو۔ فالانجیل جوڑ کے ذریعے	3
		Part, with some loss of bone جزوی معذوری بشمول ہڈی کا کچھ حصہ	1
Permanent Partial Disability مستقل جزوی معذوری Two toes of one foot, excluding Great Toe انگوٹھے کے علاوہ پاؤں کی دو انگلیوں کی معذوی	Any other Toes باقی کوئی بھی انگلی	Through metatarso-phalangeal joint میٹاٹارسو۔ فالانجیل جوڑ کے ذریعے	5
		Part, with some loss of bone جزوی معذوری بشمول ہڈی کا کچھ حصہ	2
Permanent Partial Disability مستقل جزوی معذوری Three toes of one foot, excluding Great Toe انگوٹھے کے علاوہ ایک پاؤں کے تین انگلیوں کی معذوی	Any other Toes باقی کوئی بھی انگلی	Through metatarso-phalangeal joint میٹاٹارسو۔ فالانجیل جوڑ کے ذریعے	6
		Part, with some loss of bone جزوی معذوری بشمول ہڈی کا کچھ حصہ	3
Permanent Partial Disability مستقل جزوی معذوری Three toes of one foot, excluding Great Toe انگوٹھے کے علاوہ ایک پاؤں کے تین انگلیوں کی معذوی	Any other Toes باقی کوئی بھی انگلی	Through metatarso-phalangeal joint میٹاٹارسو۔ فالانجیل جوڑ کے ذریعے	9
		Part, with some loss of bone جزوی معذوری بشمول ہڈی کا کچھ حصہ	3

4. Limitation

The complete benefit payable under this Rider will be payable only once, either in the event of accidental death or in the event of total and permanent disability by accident.

If, while the Policy and this Rider are in force, the Insured person sustains permanent total or partial disablement (as described in the table above), and the Company, subject to the provisions, fulfils the claim settlement request, the Accidental Death & Disability Insurance Rider Sum Assured will be reduced by the claim settlement amount.

4. حدود و قیود

ضمنی فوائد کے تحت ادا کئے جانے والا کلیم صرف ایک بار ادا کیا جائے گا تو خواہ وہ حادثاتی موت کی صورت میں ہو یا حادثے کے نتیجے میں مکمل اور مستقل معذوری کی صورت میں۔

اگر بنیادی پالیسی اور ضمنی فوائد کا معاہدہ قابل اطلاق ہونے پر بیمہ دار مستقل اور مکمل یا جزوی طور پر معذور رہتا ہے (جیسا کہ درج بالا ٹیبل میں بیان کیا گیا ہے)، اور کمپنی ، معاہدے کے تحت کلیم کی ادائیگی کرتی ہے ، تو حادثاتی موت اور معذوری بیمہ ضمنی فوائد کے تحت زر بیمہ اور ادا شدہ کلیم کی رقم کی حد تک کم کیا جائے گا۔

5. Grace Period

The grace period allowed for payment of any premium due under this Rider shall be the same as that allowed under the Basic Policy. If at the end of the grace period any premium due and payable under this Rider has not been paid, then the Rider shall terminate and no further cover will be provided hereunder.

Should this Rider terminate within the grace period by the death or total and permanent disability of the Insured, any premium then due and unpaid will be deducted from any amount payable under this Policy.

5. رعایتی مدت

ضمنی معاہدے کے تحت کسی بھی پریمیم کی واجبات کی ادائیگی کے لیے منظور شدہ رعایتی مدت وہی ہوگی جو بنیادی پالیسی کے تحت دی گئی ہے۔ اگر رعایتی مدت کے اختتام پر کسی بھی پریمیم کے واجبات کی اور اس ضمنی معاہدے کے تحت ادائیگی نہیں کی گئی ہے تو، ضمنی معاہدے کو ختم کر دیا جائے گا اور اس ضمنی معاہدے کے تحت مزید کوئی بیمہ فراہم نہیں کیا جائے گا۔

اگر بیمہ دار کی مکمل اور مستقل معذوری یا موت کے باعث یہ ضمنی معاہدے رعایتی مدت کے دوران ختم ہو جاتا ہے تو، جو بھی پریمیم واجب الادا اور غیر ادا شدہ ہیں وہ پالیسی کے تحت کسی بھی قابل ادا دکلیم کی رقم سے کاٹ لیے جائیں گے۔

6. Termination

This Rider shall terminate on the earliest of the following:

(a) The Insured Person’s 65th birthday.

(b) On the Expiry Date of this Rider as shown in the Policy Schedule.

(c) If the Rider premium remains unpaid after the grace period.

(d) Upon termination or maturity of the Basic Policy.

(e) Upon payment of complete benefit under this Rider.

6. منسوخی

اس ضمنی معاہدے کو مندرجہ ذیل اسباب کی وجہ سے منسوخ کر دیا جائے گا۔

الف۔بیمے دار کی 65 ویں سالگرہ پر۔

ب۔ اس ضمنی معاہدے کی تنسیخ کی تاریخ پر جیسا کہ پالیسی شیڈول میں ظاہر کیا گیا ۔

ج۔ اگر اضافی معاہدے کے پریمیم رعایتی مدت کے بعد بھی قابل ادا ہوں۔

د۔ بنیادی پالیسی کے اختتام یا میچورٹی پر۔

ہ۔ ضمنی معاہدے کے تحت مکمل فوائد کی ادائیگی پر۔

7- Exclusions

In addition to the exclusions stated under the Basic Policy, no amount is payable under this benefit if death or disability of the Insured Person results directly or indirectly, as a result of:

General Exclusions:

- General checkups, any mental or nervous or rest cures; failure to seek or follow medical advice; taking of alcohol or drugs (unless prescribed by a medical doctor) ;
- Intentional self-inflicted injury, suicide, murder, assault, assassination, injury sustained through fire arm, participation in any criminal act, violation of law ;
- The life assured being in abnormal state of mind (e.g. insanity) ;
- Heatstroke or sunstroke, poison, gas or fumes ;
- Disease and incapacity or bodily injury which existed prior to this Policy;
- War, invasion, act of foreign enemy, hostilities (whether war be declared or not), armed or unarmed truce, civil war, mutiny, rebellion, revolution, insurrection by military or usurped power, riot or civil commotion, an illegal organization or an industrial dispute ;
- Participating or practicing a dangerous sport, including big game shooting, hang-gliding, hot air ballooning, parascending, steeplechasing, polo playing, horse racing, underwater diving, power boat racing, mountaineering, rock climbing, caving, pot holing and all forms of motor sports and motor cycle sports, including time trials and hill climbs;
- Cosmetic and plastic surgery, except as a result of an accident;
- Entering, servicing, operating, travelling in or ascending into or descending from any aircraft or aerial device except as a fare paying passenger on a licensed commercial airline flying on a regular scheduled flight;
- Pregnancy or childbirth, or any non-malignant disease occurring in or in connection with the female reproductive organs;
- Direct or indirect result of Human Immuno Deficiency Virus (HIV);
- Participating in exercises or operations while serving with either of the armed or paramilitary forces or while performing any form of police duty;
- Congenital anomalies and conditions arising out of or there from;
- Atomic energy explosions of any nature whatsoever; any injury directly or indirectly caused by or contributed to by or arising from ionizing, radiation of contamination by radioactivity from any nuclear fuel or from the combustion of nuclear fuel;
- Stays in sanatoria for whatever reason and whatever treatment ;
- Atomic, biological or chemical weapons as well as radioactive, biological or chemical substances.

7. استثنات

بیمہ دار کو پالیسی دستاویز کے تحت بیان کردہ استثنات کے علاوہ، اس ضمنی معاہدے کے تحت کوئی رقم قابل ادا نہیں ہوگی اگر بیمہ دار کی موت یا مستقل مکمل معذوری کا تعلق براہ راست یا بالواسطہ، مندرجہ ذیل اسباب سے ہوں:

عمومی اخراج

- عام طبّی معائنہ ، کوئی ذہنی یا اعصابی بیماری یا آرام کے لیے علاج، طبّی مشور لینے یا اس پر عمل کرنے میں ناکامی؛ الکوحل یا نشہ آور چیزیں لینا (جب تک کہ میڈیکل ڈاکٹر کی جانب سے تجویز نہ کیا گیا ہو)؛
- جان بوجھ کر خود کو نشانہ بنا کر زخمی کرنا، خودکشی، قتل، اسلحے سے زخم، کسی بھی مجرمانہ فعل میں حصہ لینا، قانون کی خلاف ورزی کرنا؛
- بیمہ دار کی غیر معمولی ابتر ذہنی حالت میں ہونا (مثال کے طور پر پاگل پن)؛
- ہیٹ اسٹروک یا سن اسٹروک، زہر ، گیس یا دھواں؛
- بیماری اور معذوری یا جسمانی چوٹ جو کہ پالیسی سے قبل موجود تھی؛
- جنگ، حملہ، غیر ملکی دشمن کی کاروائی، لڑائی (خواہ جنگ کا اعلان ہوا ہو یا نہیں)، مسلح یا غیر مسلح جنگ بندی، خانہ جنگی، کسی بھی طرح کی بغاوت، انقلاب، فوج یا غاصب طاقت کے ذریعے بغاوت، فساد یا سول ہنگامہ آرائی، غیر قانونی تنظیم کی صنعتی تنازعہ؛
- کسی بھی خطر ناک کھیل میں حصہ لینا یا اس کی مشق کرنا، بشمول جنگلی جانوروں کا شکار، ہینگ گلائنڈنگ، گرم ہوا کی بیلوننگ، پیر اسینڈنگ، اسٹیپل چیزنگ، پولو کھیلنا، گھوڑوں کی دوڑ لگانا، زیر پانی تیرنا، پاوربوٹ ریسنگ، کوہ پیمائی، راک کلائمبنگ، کیونگ، پوٹ ہولنگ اور تمام قسم کے موٹر اسپورٹس اور موٹر سائیکل اسپورٹس، جس میں ٹائم ٹرائلز اور پہاری چڑھنا بھی شامل ہیں؛
- کاسمیٹک اور پلاسٹک سرجری، سوائے حادثے کے نتیجے میں؛
- کسی بھی طیارے یا ہوائی مشین میں داخلہ، سروسنگ، آپریٹنگ، سفر کرنا یا بلندی پر پرواز سے چڑھنا یا نیچے آتے ہوئے اترنا ما سوائے لائسنس یافتہ تجارتی ایئر لائن کی ریگولر طے شدہ فلائٹ میں کرایہ ادا کرنے والے مسافر کے طور پر سفر کرنا؛
- حمل یا بچے کی پیدائش یا خواتین کےتولیدی اعضاء کے ساتھ یا اس کے سلسلے میں ہونے والی کوئی غیر مہلک بیماری؛
- ایڈز براہ راست یا بالواسطہ ہیومین امیونوڈیفیشنسی وائرس
- کسی بھی مسلح یا نیم فوجی دستے کے ساتھ خدمات انجام دیتے ہوئے یا کسی قسم کی پولیس ڈیوٹی انجام دیتے وقت مشقوں یا آپریشن میں حصہ لینا؛
- پیدائشی بیماری اور اس سے پیدا ہونے والے حالات؛
- کسی بھی نوعیت کے جوہری توانائی کے دھماکے؛ یا کسی بھی جوہری ایندھن یا ایٹمی ایندھن کے جلنے سے تابکاری کے ذریعے آئنائزنگ، آلودگی کی تابکاری سے پیدا ہونے کے باعث براہ راست یا بالواسطہ کسی بھی جسمانی نقصان کا شکار ہونا یا اس میں معاونت کرنا؛
- کسی بھی وجہ سے یا کسی بھی علاج کے لیے دار الصحت/سینی ٹوریم میں رہنا؛
- ایٹمی، حیاتیاتی یا کیمیکل ہتھیاروں سمیت ریڈیو ایکٹیو، حیاتیاتی یا کیمیکل مواد سے متاثر ہونا۔